# آلو کی منافع بخش پیداوار
# لکی کور انڈسٹریز کراپ مینجمنٹ پروگرام کے ساتھ



## میٹولا گولڈ 960 ای سی



**میٹولا گولڈ** جڑی بوٹیوں کی نئی کونپلوں پتوں اور جڑوں کے ذریعے جذب ہوکر اثر انداز ہوتا ہے۔ جس سے ڈیلا، اٹ سٹ، سوانکی اور دیگر جڑی بوٹیوں کا اگنے سے پہلے خاتمہ ہوجاتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| زمین کی حالت | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|
| ہلکی میرا، درمیانی میرا | 800 ملی لیٹر |
| بھاری میرا اور ریتلی زمین | 800 ملی لیٹر |
| چکنی زمین | 800 ملی لیٹر |

## فرٹی ہیوما





**فرٹی ہیوما** زمین میں نامیاتی مادے کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ جس سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| مقدار استعمال | وقت استعمال |
|---|---|
| 8 کلوگرام فی ایکڑ | زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں |

## فرٹی کے 50



فرٹی کے 50 پانی میں حل پذیر کھاد ہے جس میں پوٹاش کے علاوہ سلفر کی اضافی مقدار بھی موجود ہے۔ پودے کی افزائش، طاقت اور پیداوار کے لیے ضروری ہے۔
فرٹی کے 50 کے استعمال سے فصل کی پیداوار، کوالٹی اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی میں | وقتِ استعمال |
|---|---|
| 2 کلوگرام | جب فصل 60 دن کی ہو تو پہلا اسپرے کریں اور 15 دن کے وقفے سے دو سے تین مرتبہ اسپرے دہرائیں |

## ایل سی آئی امائینو



**ایل سی آئی امائینو**، امائینو ایسڈز اور دیگر مائیکرو نیوٹرینٹس پر مشتمل ایک منفرد فارمولا ہے۔ جو پودے کیلئے ایک مکمل نامیاتی غذا ہے اور پودے کی بڑھوتری اور پیداواری مرحلے پر استعمال کیلئے یکساں مفید ہے۔ **ایل سی آئی امائینو** کے استعمال سے قوت مدافعت بڑھنے سے پودے غیر حیاتیاتی دباؤ سے محفوظ رہتے ہیں اور فصلوں کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ | وقت استعمال |
|---|---|
| 500 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی | پہلا اسپرے مکمل اُگاؤ پر، دوسرا اسپرے بجائی کے 45 دن بعد (آلو بننے پر) |

## مائنیکٹو اِیکسٹراً



**مائنیکٹو اِیکسٹراً** وسیع دائرہ اثر والا جدید زہر ہے جو لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی بدولت سنڈیوں کے جسم سے کیلشیم آئینز کے بہاؤ کو متاثر کر کے پٹھوں کی حرکت کا نظام درہم برہم کر دیتا ہے۔ اور سنڈیوں کی بیرونی جلد کائٹن کو بننے سے روک دیتا ہے جس کی وجہ سے نقصان دہ کیڑے سست اور مفلوج ہوکر خوراک لینا بند کر دیتے ہیں اور بلا آخران کی موت واقع ہوجاتی ہے۔

## زنگرین




**زنگرین** پودے میں زنک اور سلفر کی کمی پوری کرتا ہے۔ زنگرین دانے دار ہونے کی وجہ سے چھٹہ کرنے میں انتہائی آسان ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| مقدار استعمال | وقت استعمال |
| --- | --- |
| 7.5 کلوگرام فی ایکڑ | 100 فیصد پودے نمودار ہونے پر چھٹہ کریں |

## فرٹی میکرو




**فرٹی میکرو** پودوں میں ضروری خوراکی اجزاء کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ فرٹی میکرو 100 فیصد پانی میں حل پذیر ہے اور پتوں کے ذریعے باآسانی جذب ہو جاتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی | وقتِ استعمال |
| --- | --- |
| 1 سے 2 کلوگرام | پودوں کے مکمل اُگاؤ کے 10 دن بعد اسپرے کریں اور 15 دن کے وقفے سے حسبِ ضرورت دہرائیں |

## پینڈینٹ




**پینڈینٹ** ایک وسیع الاثر زہر ہے جو چوڑے پتے اور گھاس نما خاندان کی جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کرتا ہے۔

## میکسل




**میکسل** دو پھپھوندی کش زہروں پر مشتمل منفرد کیمیا ہے۔ **میکسل** پودے کی سطح پر تہہ بنا کر پھپھوندی کے نظام تنفس کو متاثر کرتا ہے۔ جس سے پھپھوندی کے سپورز کا اگاؤ رک جاتا ہے۔ اور سرائیت پذیری کی وجہ سے پھپھوندی کی بڑھوتری اور افزائش نسل رکنے سے بیماریوں کا پھیلاؤ ناممکن ہو جاتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| بیماریاں | شرح استعمال |
| --- | --- |
| اگیتا اور پچھیتا جھلساؤ | 250 گرام فی ایکڑ |

## نوٹائل

72 فیصد ڈبلیو پی




**نوٹائل** ایک ایسا منفرد پھپھوندی کش زہر ہے جو بیماریوں کے خلاف تیزی سے اثر کرتا ہے اور پھپھوندی کے سپورز کو ختم کر کے بیماریوں پر بہترین کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

سفارشات برائے استعمال

| بیماریاں | شرح استعمال |
| --- | --- |
| پچھیتا جھلساؤ (Late Blight) | 600 گرام فی ایکڑ |

## ریکاڈوایکسٹرا

60 فیصد ڈبلیو جی




**ریکاڈوایکسٹرا** ایک نہایت منفرد اور مؤثر پھپھوندی کش زہر ہے جو پھپھوندی اجسام میں توانائی بننے کے عمل کو روک کر بیماریوں پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

## ایزوسٹار

18.7 فیصد ایس سی




**ایزوسٹار** دو مختلف مالیکیولز پر مشتمل ایک طاقتور اور جدید کیمیا ہے جو کہ حفاظتی اور معالجاتی طریقہ اثر سے بیماریوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ **ایزوسٹار** فنجائی کے عمل تنفس کو روک کر بیماریوں پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

## اُولالا

50 فیصد ڈی ایف




**اُولالا** سفید مکھی اور کالا تیلا (ایفڈ) آلو کی فصل پر حملہ آور ہو کر پتوں اور تنوں سے رَس چوسنا شروع کر دیتے ہیں جس سے فصل کمزور ہو جاتی ہے اور پودے کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔ یہ کیڑے فصل پر وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بھی بنتے ہیں۔

سفارشات برائے استعمال

| کیڑے | مقدار فی ایکڑ |
| --- | --- |
| رس چوسنے والے کیڑے | 60 گرام |

## کاک پٹ




**کاک پٹ** قدرتی اجزاء پر مشتمل ایک بائیو اسٹیمولینٹ ہے جو کہ پودوں میں جڑ، تنے، شاخوں کی بڑھوتری اور نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ **کاک پٹ** پودے کے اندر خوراک کے بہاؤ اور ساخت میں بہتری کے علاوہ غیر حیاتیاتی دباؤ کے خلاف تحفظ اور قوت مدافعت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ **کاک پٹ** کے اسپرے سے پھولوں اور پھلوں کی مقدار بڑھنے سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔